تعارف و تبصرہ کتب

کتاب : تسہیل البیان فی التفسیر القرآن

مؤلف : مولانا محمد اسلم شیخوپوری ضخامت : ۴۰۹ صفحات

قیمت : درج نہیں ناشر : مکتبہ حلیمہ سائٹ کراچی۔ ۷۵۷۰۰

زیر نظر تفسیری کاوش کے مؤلف حضرت مولانا محمد اسلم شیخوپوری مدظلہ کی شخصیت اور انکے علمی کارنامے علمی دنیا کے لئے محتاج تعارف نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے دست ہنر اور قلم معجز رقم کو ایسے جوہر بخشے ہیں جو کہ خالص عطیہ الٰہی ہے اور ہر کسی کو عطا نہیں کیا جاتا اسی وجہ سے آج حضرت شیخوپوری اپنی نت نئی تصنیفات و تالیفات کے باعث علمی اور دینی حلقوں میں نمایاں اور امتیازی حیثیت کے حامل بن گئے ہیں۔ درس و تدریس کے ساتھ ساتھ ماہنامہ "الاشرف" سکھر کی ادارت کی ذمہ داریاں بھی آپ باحسن انداز سے نبھا رہے ہیں۔ کتاب اللہ سے بے پناہ عشق و محبت آپ کی نس نس میں رچا بسا ہوا ہے۔

"تسہیل البیان فی تفسیر القرآن" کی اشاعت سے قبل آپ نے "الاشرف" کے پانچ ضخیم قرآن نمبر علمی دنیا کے سامنے پیش کر دیئے ہیں اور ابھی مزید اسکی کئی جلدیں آنے والی ہیں۔ حضرت مولانا کی تازہ تفسیری کوشش علماء اور خصوصاً عوام الناس کے لئے انتہائی مفید اور سود مند ثابت ہوگی۔ کیونکہ آپ نے اپنی تفسیر میں انتہائی سہل اور سلیس انداز اختیار کیا ہے اور یہ سعی کی ہے کہ روایتی تفاسیر کے انداز سے ہٹ کر ایک ایسی مفید تفسیر پیش کی جائے جس سے عوام الناس کو سمجھنے میں آسانی ہو اور وہ روایتی تفسیری اقوال اور دقائق کے پیچ و خم میں نہ الجھیں اور آپ اس کوشش میں الحمدللہ کافی کامیاب ثابت ہوئے ہیں۔ ابواب کی ترتیب موضوعات کا انتخاب اور سورتوں کی ابتدا میں تسہیل یعنی توضیح پھر تفسیر اور حکمت و ہدایت کے عنوان تلے آیات و سور کا خلاصہ اور اس سے جو نکات و نتائج اخذ ہوتے ہیں آپ نے نہایت سلیقے سے بیان فرمائے ہیں۔ مولانا نے اپنی اس تفسیری کاوش کے لئے ہزاروں صفحات کو کھنگال کر "تسہیل البیان" کے نام سے اسکا عطر اور کشید پیش کیا ہے۔

فن تفسیر میں کامیاب اور مفید کاوش کا پیش کرنا حقیقت میں جوئے شیر لانے کے مترادف ہوتا ہے۔ مولانا مدظلہ اگرچہ معذور بھی ہیں لیکن انہوں نے اپنی بلند ہمتی، جاں فشانی اور شبانہ روز محنت کی بدولت علمی حلقوں کیلئے گویا دریائے شیر نکال کر دیا ہے۔

ہم اس آسان و سہل اور مفید تفسیر کی اشاعت پر مولانا کو مبارکباد پیش کرتے ہیں اور یہ توقع رکھتے ہیں کہ